Maulana Azad National Urdu University

PhD (Islamic Studies) Coursework I Semester, Examination, December 2023

تحقیق کا متعلقہ دائرہ۔ الف: اسلامی علوم

PHIS101DST: Area of Research Concerned: A- Islamic Sciences

Time : 3 hrs | **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لیے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو(500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

(i) 'مذاہب التفسیر الاسلامی' کس مستشرق کی کتاب ہے؟

a) شناخت b) گولڈزیہر c) نولڈیکے d) آرتھر جیفری

(ii) شاہ ولی اللہ کے مطابق مضامین قرآن کی تعداد کتنی ہے؟

a) چھ b) چار c) پانچ d) سات

(iii) درج ذیل میں سے کون سا بیان درست نہیں ہے؟

a) حدیث کی کتابت عہد نبوی میں ہوئی
b) حدیث کی تدوین عہد تابعین میں انجام پائی
c) حدیث کی اسناد عہد صحابہ میں شروع ہوگئی تھی
d) حدیث کی روایت عہد صحابہ میں شروع ہوگئی تھی

(iv) درج ذیل میں کون سا بیان درست ہے؟

a) فقہی کتابیں کتب حدیث سے پہلے لکھی گئیں
b) کتب حدیث فقہی کتابوں سے پہلے لکھی گئیں
c) محدثین نے فقہی کتابیں لکھیں
d) فقہی کتابیں مسالک کے بعد لکھی گئیں

(v) ذیل میں سے کون سی کتاب سلاسل تصوف کے وجود کے بعد لکھی گئی؟

a) رسالہ قشیریہ b) کشف المحجوب c) حلیۃ الاولیا d) مدارج السالکین

(vi) آداب المریدین' کس سلسلہ تصوف کے بانی کی کتاب ہے؟

a) سلسلہ سہروردیہ b) سلسلہ رفاعیہ c) سلسلہ قادریہ d) سلسلہ شاذلیہ

(vii) فقہی مسلک کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

a) اس کی پابندی لازمی ہے
b) اس کی پابندی لازمی نہیں ہے
c) یہ عوام کی آسانی کے لیے ہے
d) اس کی پابندی غیر شرعی ہے

P.T.O.

(viii) ہندوستان میں لکھی گئی تصوف کی پہلی کتاب کون سی ہے؟

a) فوائدالفواد b) مکتوبات صدی c) کشف المحجوب d) معراج العاشقین

(ix) خواجہ گیسودراز نے تصوف کی کس کتاب کی فارسی شرح لکھی ہے؟

a) الرعایہ لحقوق اللہ b) رسالہ قشیریہ c) احیاء علوم الدین d) فتوح الغیب

(x) عصر حاضر کے نئے مسائل کے فقہی حل میں زیادہ مفید منہج ہے؟

a) اجتماعی اجتہاد b) فقہی مسلک کے دائرہ میں اجتہاد c) فقہ مقارن سے استفادہ d) ان میں سے کوئی نہیں

حصہ دوم

2۔ وحی کی حقیقت کیا ہے؟ مستشرقین کے اعتراضات کی روشنی میں اس پر بحث کیجیے۔

3۔ کتابت قرآن، تدوین قرآن اور جمع الناس علی القرآن کے باہمی فرق پر روشنی ڈالیے۔

4۔ مضامین قرآن کی بابت اہل علم کی آراء پر روشنی ڈالیے۔

5۔ عہد نبوی میں کتابت حدیث کی نوعیت پر گفتگو کیجیے۔

6۔ علوم حدیث میں کن مضامین کی شمولیت پائی جاتی ہے؟ بیان کیجیے۔

7۔ اجتہاد اور تقلید کے باہمی تعلق پر روشنی ڈالیے۔

8۔ ابتدائی دو صدیوں میں تصور کی صورت حال پر بحث کیجیے۔

9۔ سماج پر مسلکی پابندی کے اثرات کا جائزہ لیجیے۔

حصہ سوم

10 تفاسیر قرآن کے مختلف مناہج پر گفتگو کرتے ہوئے ان کی افادیت کا جائزہ لیجیے۔

11 'حدیث قرآن کی شرح ہے'، اس تناظر میں حدیث کے تنوع پر گفتگو کیجیے۔

12 فقہی مسالک کی تشکیل کی روشنی میں ان کی شرعی حیثیت کو واضح کیجیے۔

13 تصوف کا اسلام سے کس نوعیت کا تعلق ہے؟ اہل علم کی آراء کی روشنی میں بحث کیجیے۔

14 قرآن کے موضوعات پر جدید تحقیقات کی روشنی میں گفتگو کیجیے۔

☆☆☆